


# باب 25
# مزے دار پہیلیاں





کوئی جاتی، پیسی جاتی،
کھانا تیکھا خوب بناتی
کھانے میں جو زیادہ ڈل جاتی،
تو پھر منھ سے نکلتی سی۔سی۔...
آنکھ ناک سے نکلے پانی!
یاد دلا دوں، سب کو نانی
سوچو، سوچو، کون ہوں میں؟
جلدی بولو، کون ہوں میں؟



کوٹی جاتی، پیسی جاتی۔
کھانے میں پیلا رنگ لاتی،
تیل میں مجھے ملا کر دادی،
چوٹ لگے تو جھٹ سے لگاتی،
سب کی چوٹ کو ٹھیک کراتی
اس لئے میں سب کو بھاتی!
سوچو، سوچو، کون ہوں میں؟
جلدی بولو، کون ہوں میں؟

© NCERT not to be republished

کالی۔کالی موتی جیسی،
چھوٹی سی لیکن گول ہوں۔
با یک پیسی یا ذردری،
میں تیکھے ذائقے دار ہوں
میٹھے اور نمکین میں،
میں دونوں جیسی ہی ڈالی جاتی ہوں،
سوچو،سوچو،کون ہوں میں؟
جلدی بولو،کون ہوں میں؟



میں پتلا سا،لیکن چھوٹا ہوں۔
بھورا بھی ہوں،اور کالا بھی ہوں۔
گرم گھی اور تیل میں،
میں خوشبو پھیلاتا ہوں،
دہی اور جل زیرے میں۔
بھون کر ڈالا جاتا ہوں۔
سوچو،سوچو،کون ہوں میں؟
جلدی بولو،کون ہوں میں؟




ہرے رنگ کی زیرے جیسی،
ٹھیک ہاضمہ رکھتی،
کھانے کے بعد مجھے کھاتے،
میں منہ کا ذائقہ بدلتی
سوچو،سوچو،کون ہوں میں؟
جلدی بولو،کون ہوں میں؟



© NCERT not to be republished

کیل جیسی دِکھتی ہوں،
لیکن میں ایک کلی ہوں
چاکلیٹی بھورے رنگ کی،
لیکن تیز خوشبو والی ہوں۔
جب درد دانت میں ہوتا ہے،
تو مجھے دانت میں رکھتے ہیں
سوچو، سوچو، کون ہوں میں؟
جلدی بولو، کون ہوں میں؟



کن ہی دو مسالوں کے لیے پہیلیاں بناؤ اور اپنی کلاس میں پوچھو۔ ان مسالوں کی تصویریں اپنی کاپی میں بناؤ اور ان کے نام بھی لکھو۔

- معلوم کرو کون سے مسالے تمہارے گھر میں استعمال کیے جاتے ہیں کھانا پکانے کے لیے۔ ایک فہرست مرتب کرو اور اپنے دوست کی فہرست پر بھی نظر ڈالو

- جب تمہارے نانا نانی / دادا دادی جوان تھے تو کون سے مسالے استعمال کیے جاتے تھے ان کے باورچی خانوں میں؟ ان سے معلوم کرو اور یہاں لکھو۔

- ایک ایسے مسالے کا نام لکھو جس کو میٹھی اور نمکین دونوں چیزوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

- معلوم کرو کہ کھانے میں اس کو کھٹّا بنانے کے لیے کیا ڈالا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

میں کٹن ہوں۔ میں کیرالا میں رہتا ہوں۔ میرے گھر کے پیچھواڑے ایک مسالوں کا باغ ہے وہاں میں تیز پتے کے پودے دیکھ سکتا ہوں چھوٹی اور بڑی الائچی اور کالی مرچیں یہاں اگتی ہیں۔

- معلوم کرو کیا تمہارے علاقے میں مسالے اگتے ہیں؟ ان کے نام یہاں لکھو۔

---

- کچھ ثابت مسالے اپنی کلاس میں لاؤ ان کے نام ٹیبل پر لکھو۔ اپنی آنکھیں بند کر و اور ہر مسالے کو سونگھ کر اور چھو کر پہچانو اور جن کو تم پہچان لیتے ہو (✓) کا نشان لگاؤ۔ اگر تم کوئی بھی نہ پہچان سکو (×) کا نشان لگاؤ۔

| نمبر | خوشبو | چھوکر | مسالے کا نام |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |


© NCERT not to be republished

## چلو کوشش کرتے ہیں مسالہ دار آلو کی چاٹ بنانے کی!

- اس کے لیے آپ کو چاہیے۔
  - ابلے آلو، پورے کلاس میں ہر ایک کے لیے کافی ہوں
  - ذائقے کے مطابق نمک، لال مرچ پسی ہوئی، آم چور، یا نیبو۔

برائے استاد: گرم مسالہ! ملے ہوئے تمام مسالے پسے ہوئے مثلاً، الائچی چھوٹی بڑی، لونگ، ریزہ، دار چینی، تیز پات۔

- بھنا ہوا زیرہ کالا نمک اور گرم مسالے
- تازہ ہرا دھنیا (پتی)



ابلے آلوؤں کو چھیل لیں اور اس کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں اب اس میں نمک، لال مرچ پسی ہوئی، آمچور، نیبو کا عرق حسب ذائقہ اپنی چاٹ کو اور مزیدار بنانے کے لیے اس میں بھنا ہوا زیرہ، کالا نمک، ایک چٹکی گرم مسالہ آخر میں ملایا جا سکتا ہے آلوؤں کو اچھی طرح ملا لیں۔ کٹے ہوئے ہرے دھنیے کی پتیاں چھڑک دیں اوپر سے۔ واہ! آپ کی مسالہ دار چاٹ کھانے کے لیے تیار ہے۔

- کیا تمھیں آلو کی چاٹ کھا کر لطف آیا؟
- ذرا سوچو اگر مسالہ نہ ہوتے تو آلو کی چاٹ میں کیسا مزہ ہوتا؟
- کوشش کرو اور ایک اور طرح کی چاٹ بناؤ اپنے تمام کلاس کے دوستوں کے ساتھ اس کا لطف اٹھاؤ۔
- بغیر مسالوں کی اور تیز مسالوں والی چیزیں تمہاری زبان پر کیسی محسوس ہوتی ہیں؟

© NCERT not to be republished